سُورَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ١	بھلا پہنچی تم کو خبر چھا جانے والی آفت (قیامت) کی ١
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ٢	کتنے ہی چہرے اس دن ہوں گے خوفزدہ ٢
عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ٣	سخت مشقت کرنے والے تھکے ماندے ٣
تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ٤	جھلس رہے ہوں گے وہ دہکتی آگ میں ٤
تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ٥	بلایا جائے گا انہیں ایک کھولتے ہوئے چشمے سے ٥
لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ	نہیں ہوگا ان کے لیے کھانے کو کچھ
اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ٦	مگر ایک خاردار خشک جھاڑی ٦
لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ٧	جو نہ موٹا کرے اور نہ مٹائے بھوک ٧
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ٨	کتنے ہی چہرے اس دن ہوں گے تروتازہ ٨
لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ٩	اپنی کارگزاری پر خوش وخرم ٩
فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ١٠	بہشت بریں میں ١٠

لَا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً ١١	نہ سنیں گے وہ وہاں کوئی بے ہودہ بات ١١
فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ١٢	اس میں چشمے ہیں رواں ١٢
فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ ١٣	اس میں مسندیں ہیں اونچی اونچی ١٣
وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ ١٤	اور ساغر قرینے سے رکھے ہوئے ١٤
وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ ١٥	اور گاؤ تکیے قطار در قطار ١٥
وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ ١٦	اور قالین بچھے ہوئے ١٦
أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ١٧	تو کیا نہیں دیکھتے یہ، اونٹ کو کہ کیسا عجیب، پیدا کیا گیا؟ ١٧
وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ١٨	اور آسمان کو کہ کس طرح بلند کیا گیا؟ ١٨
وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ١٩	اور پہاڑوں کو کہ کس انداز سے جمائے گئے؟ ١٩
وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ٢٠	اور زمین کو کہ کس انداز سے بچھائی گئی؟ ٢٠
فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ	سو اے نبی! تم نصیحت کرتے رہو۔ تم ہو بس
مُذَكِّرٌ ٢١	نصیحت کرنے والے ٢١
لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ ٢٢	نہیں ہو تم ان پر کوئی جبر کرنے والے ٢٢
إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ٢٣	مگر جس نے منہ موڑا اور انکار کیا ٢٣
فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ٢٤	سو عذاب دے گا اسے اللہ عذاب بہت بڑا ٢٤
إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ٢٥	یقیناً ہماری ہی طرف ان کو لوٹ کر آنا ہے ٢٥
ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم ٢٦	پھر بے شک ہمارے ہی ذمہ ان سے حساب لینا ہے ٢٦